© rasailojaraid.com

کوششیں بھی کی گئی ہوں گی تاہم پندرہ روزہ "شاداب" (لاہور) نے اطلاع دی ہے کہ

"تقریباً 18 سال کی طویل کاوش اور ان تھک محنت کے بعد پشتو زبان میں انجیل جلیل کا ترجمہ مکمل طور پر زیور طبع سے آراستہ کر کے قارئین کے مطالعہ کے لیے پیش کردیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ انجیل جلیل کا پشتو میں ترجمہ ماہرین نے یونانی زبان کے متن سے براہ راست کیا ہے۔"

یہ اطلاع بھی دی گئی ہے کہ "پاکستان بائبل سوسائٹی کے زیراہتمام سندھی زبان میں انجیل جلیل اور عہدنامہ قدیم کا ترجمہ طویل محنت شاقہ کے بعد پایۂ تکمیل کو پہنچ چکا ہے جو آئندہ چند ہفتوں میں زیور طبع سے آراستہ ہو کر قارئین کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گا۔" (پندرہ روزہ شاداب، لاہور۔ 16 تا 30 ستمبر 1991ء)

## پاکستان انٹر ریلیجس ڈائیلاگ ایسوسی ایشن کے نئے انتخابات

29 اگست کو سال رواں کے لیے پاکستان انٹر ریلیجس ڈائیلاگ ایسوسی ایشن کے عہدہ داروں کا انتخاب عمل میں آیا۔ متفقہ طور پر حسب ذیل عہدہ دار منتخب ہوئے۔

| | |
|---|---|
| ڈاکٹر سعیدہ خاور خان چشتی | صدر |
| قاضی حسن معزالدین | نائب صدر |
| سسٹر الوینہ گل | جنرل سیکریٹری |
| جناب کنول فیروز | سیکریٹری پبلک ریلیشنز |
| جناب پیٹر انصاری | سیکریٹری مالیات |

مجلس عاملہ ریورنڈ فادر جیمز چنن (ڈومینک آرڈر آف پاکستان)، شہزاد کبیر احمد ایڈیشنل سیشن جج بہاول پور، مسز خوشنود مسرت عزرا یاہ ڈائریکٹر ویمن ڈویلپمنٹ پروگرام برائے رائے ونڈ ڈایوسیس، میاں حفیظ اور ڈاکٹر جمیل انجم ڈینیل پر مشتمل ہے۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس (ریٹائرڈ) جسٹس انوارالحق اور ریورنڈ ڈاکٹر جان جوزف، کیتھولک بشپ آف پاکستان اس تنظیم کے سرپرستوں میں سے ہیں۔ (پندرہ روزہ شاداب۔ لاہور، 16 تا 30 ستمبر 1991ء)



© rasailojaraid.com